ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(259)

مورخہ 10.05.24

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ دو روز کی مختلف کارروائیوں میں 34 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ بغداد، صدر بہاولپور، سمہ سٹہ، مسافر خانہ، سٹی و صدر احمد پور شرقیہ، ہیڈ راجکاں، عنائتی، خیر پور ٹامیوالی، سٹی حاصل پور اور تھانہ سٹی یزمان پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 17 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 616 لیٹر شراب اور چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔ اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے تھانہ سول لائنز، بغداد الجدید، سمہ سٹہ، سٹی احمد پور شرقیہ اور تھانہ اوچشریف پولیس نے 05 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 05 کلو 120 گرام چرس اور 15 کلو بھنگ برآمد کرلی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ سول لائنز، سمہ سٹہ، ڈیراور، سٹی و صدر حاصل پور، صدر احمد پور شرقیہ اور تھانہ عنائتی پولیس نے 12 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ 01 عدد رائفل 44 بور، 08 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد بندوق 12 بور اور 02 عدد ریوالور 32 بور برآمد کرلئے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ دو روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(260)

10.05.24

# بہاول پور( )ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات، جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات اور ڈی پی او اسد سرفراز خان کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔سیکیورٹی فرائض میں غفلت ولاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، جمعتہ المبارک کے موقع پر ضلع بھر کی مساجد و امام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(261)

10.05.24

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ ڈیراور پولیس کی شراب ڈیلر کے خلاف کامیاب کارروائی، شراب کی بڑی کھیپ برآمد، بدنام زمانہ شراب سمگلر گرفتار، مقدمہ درج۔**

**منشیات وشراب فروشوں کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف سے سماج دشمن عناصر کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ ایس ایچ او تھانہ ڈیراور نے خفیہ انفارمیشن پر سپیشل ٹیم تشکیل دے کر شراب کی بڑی سپلائی ناکام بناتے ہوئے ڈیلر کی زیر سواری کار سے بھاری مقدار میں شراب برآمد کر لی۔ پولیس نے شراب کے ڈیلر رانا شہباز جو کہ ملتان کا رہائشی ہے کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے زیر سواری کار XLI سے 48 بوتلیں ولائتی شراب، 96 عدد ٹین پیک بیئر اور 500 عدد کپی برآمد کر لیں، ملزم شراب ملتان سے لاکر ڈیراور، یزمان و مضافات میں سپلائی کرتا تھا۔ پولیس نے گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ گرفتار ملزم کے زیر سواری گاڑی بھی قبضہ پولیس میں لے لی گئی۔ ڈی پی او سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ڈیراور پولیس نے نوجوان نسل کو بڑی تباہی سے بچا لیا۔ گرفتار شراب کے ڈیلر کے دیگر نیٹ ورک کو بھی بے نقاب کرتے ہوئے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ بہترین کارکردگی پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے ایس ایچ او تھانہ ڈیراور اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ تھانہ ڈیراور پولیس کی شراب فروش ڈیلر کے خلاف کامیاب کارروائی، ملزم گرفتار، بھاری مقدار میں شراب برآمد